This question paper contains 3 printed pages]

Roll No. | | | | | | | | | | | |

S. No. of Question Paper	:	**1656**
Unique Paper Code	:	**214604**
Name of the Paper	:	**Detail Study of Shibli**
Name of the Course	:	**B.A. (Hons) Urdu**
Semester	:	**VI**

D

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **75**

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہے۔

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے :

(الف)

''شاعری صرف محسوسات کی تصویر نہیں کھینچتی بلکہ جذبات اور احساسات کو بھی پیش نظر کر دیتی ہے۔ اکثر ہم خود اپنے نازک اور پوشیدہ جذبات سے واقف نہیں ہوتے یا ہوتے ہیں تو صرف ایک دھندلا دھندلا سا نقش نظر آتا ہے، شاعری ان پس پردہ چیزوں کو پیش نظر کر دیتی ہے۔ دھندلی چیزیں چمک اٹھتی ہیں، مٹا ہوا نقش اجاگر ہو جاتا ہے۔ کھوئی ہوئی چیز ہاتھ آ جاتی ہے خود ہماری روحانی تصویر جو کسی آئینہ کے ذریعہ سے ہم نہیں دیکھ سکتے۔ شعر ہم کو دکھا دیتا ہے۔

P.T.O.

بادِ سحر کے جھونکے، آبِ رواں کی رفتار، پھولوں کی شگفتگی، غنچوں کا تبسم، سبزہ کی لہلہاہٹ، خوشبوؤں کی لپٹ، بادل کی پیار، بجلی کی چمک، یہ منظر آنکھ کے سامنے ہو تو دل پر وجد کی کیفیت طاری ہو جائے گی۔ شاعری ان مناظر کو بعینہٖ پیش کر دیتی ہے۔ اس لیے اس کی تاثیر سے کیونکر انکار ہو سکتا ہے۔

(ب)

''شاعر احباب کی جدائی کا واقعہ لکھنا چاہتا ہے تو اُس کو ان تمام جزئی کیفیتوں پر نظر ہونی چاہیے جو اس حالت میں پیش آتی ہے۔ مثلاً یہ کہ اس حالت میں ایک دوسرے کو کس حسرت آمیز نگاہ سے دیکھتا ہے، کس قسم کی باتیں کرتا ہے؟ کن باتوں سے دل کو تسلی دیتا ہے؟ رخصت کے وقت بے اختیار کیا حرکات صادر ہوتے ہیں؟ آغاز کی کیفیت کس طرح بتدریج ترقی کرتی جاتی ہے؟ حاضرین پر اُن سے کیا اثر پڑتا ہے؟ پھر جدائی جدائی میں بھی فرق ہے، باپ بیٹے کی جدائی، بھائی بھائی کی جدائی، زن و شوہر کی جدائی، احباب کی جدائی، ان میں سے ہر ایک کی الگ الگ خصوصیات ہیں، ان مختلف اور کثیر الانواع خصوصیات کا احاطہ کرنا اور ان کو موثر پیرایے میں ادا کرنا شاعرانہ واقعہ نگار ہے۔''

۲۔ شبلی کی نثر نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

۳۔ 'شعر العجم' کی تنقیدی اہمیت پر مضمون لکھئے۔

۴۔ شبلی کے نزدیک محاکات کی تکمیل کن کن چیزوں سے ہوتی ہے؟ بیان کیجئے۔

۵۔ میرانیس کی واقعہ نگاری کی خصوصیات کا جائزہ لیجئے۔

۶۔ 'موازنہء انیس و دبیر' کی روشنی میں شبلی کے تنقیدی نقطہء نظر پر نوٹ لکھئے۔

۷۔ فنِ سیرت نگاری پر روشنی ڈالئے۔

۸۔ شبلی کی تصنیف 'سیرۃ النبی' پر تبصرہ کیجئے۔

۹۔ شبلی کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔